**08-04-2024**

**21.15 Hrs**

**HL**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........................ آسیہ میمونہ

~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~

**Music**

~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~

☆ وزیراعظم اور سینئر BJP لیڈر نریندر مودی نے چھتیس گڑھ اور مہاراشٹر میں انتخابی ریلیاں کیں۔ انہوں نے سابق مہاراشٹر سرکار پر مرکزی حکومت کے ہر ایک ترقیاتی پروجیکٹ کو روکنے کا الزام لگایا۔

☆ کانگریس نے اپنے منشور پر وزیراعظم کے بیانات کے سلسلے میں انتخابی کمیشن میں احتجاج درج کیا۔

☆ لوک سبھا انتخابات کے دوسرے مرحلے کے لیے نام واپس لینے کا آج آخری دن تھا۔

☆ وزارت دفاع نے افواج کی تینوں شاخوں کی اولین کانفرِنس پریورتن چنتن نئی دلی میں منعقد کی۔

☆ سونے اور چاندی کی قیمتیں آج ملک میں اب تک کی سب سے زیادہ سطح پر پہنچ گئیں۔

☆ اور، سُمیت Nagal، اٹلی کے Matteo Amaldi کو ہرا کر مونٹی کارلو ماسٹرس میں Main Draw Match جیتنے والے پہلے بھارتی بن گئے ہیں۔

~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~

**Music**

~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~

اب خبریں تفصیل سے

## PM Chanderpur Rally

سینئر BJP لیڈر اور وزیراعظم نریندر مودی نے آج کہا کہ نکسل واد، NDA کے حکومت کے ذریعے مسلسل کوششوں کے باعث، نہ صرف مہاراشٹر بلکہ پورے ملک میں کمزور پڑ گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نکسل واد کے لیے معروف Gadachiroli اب فولاد کی صنعت اور ترقی کے لیے جانا جاتا ہے۔ جناب مودی، چندر پور کے موروا ایئرپورٹ گراؤنڈ میں آج چندر پور اور Gadachiroli کے لوک سبھا حلقوں میں BJP امیدواروں کی انتخابی مہم کے لیے ایک عوامی جلسے سے خطاب کر رہے تھے۔

S/B - 2100 - PM Canderpur Maharashtra

معاشرے کے محروم طبقے کی بہتری کے لیے مرکزی حکومت کے ذریعے کیے گئے کام کو اجاگر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ 80 کروڑ سے زیادہ افراد کو مفت راشن فراہم ہو رہا ہے، 50 کروڑ افراد کو پانچ لاکھ روپے تک کا مفت علاج حاصل ہو رہا ہے اور یہ کہ اِس طرح کی بہبود کی اسکیموں سے استفادہ کرنے والے افراد، معاشرے کے محروم طبقات سے ہیں اور قبائلی افراد ہیں۔

حزب اختلاف کانگریس پر سیدھا حملہ کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ سابقہ ریاستی سرکار نے مرکزی حکومت کے ہر ایک ترقیاتی پروجیکٹ کو روک دیا اور ریاست کی ترقی میں رکاوٹ ڈالی۔ اس موقعے پر وزیراعلیٰ ایک ناتھ شندے، نائب وزیراعلیٰ دیویندر فڈنوس موجود تھے۔ ناگپور، رام ٹیک، چندر پور، Gadachiroli-Chimur، باندرا -گونڈیا، سمیت مشرقی ودربھ میں پانچ حلقوں میں اِس مہینے کی 19 تاریخ کو انتخاب ہوں گے۔ اِس سے قبل دن میں وزیراعظم نے چھتیس گڑھ میں بَستر ڈویژن کے آمابل گاؤں میں منعقدہ ایک عوامی جلسے سے خطاب کیا اور کہا کہ ملک میں ہر ایک قبائلی خاندان کی زندگی کو بہتر بنانا مودی کی گارنٹی ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ لوگوں کا خواب مودی کی گارنٹی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اُن کا مقصد ملک کو ترقی دینا اور ملک کے ہر کنبے کو خوشحال بنانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پچھلے دس سالوں میں مرکز میں BJP حکومت نے غریبوں کی بہبود کے لیے بہت سی اسکیمیں بنائی ہیں۔ مرکزی حکومت نے غریبوں کو ان کے حقوق فراہم کیے ہیں اور چھتیس گڑھ کا بَستر خطہ اِس کی سب سے بڑی مثال ہے۔x

## Rajnath Singh Road Show

BJP کے سابق صدر اور مرکزی وزیر راجناتھ سنگھ نے آج کہا کہ ملک کی ترقی NDA سرکار کی اوّلین ترجیح ہے۔ آج Namakkal میں روڈ شو میں خطاب کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ گذشتہ دس برسوں میں ملک کی معیشت مسلسل ترقی پذیر ہے۔ جناب سنگھ نے کہا کہ بھارت اقتصادی طاقت بننے اور دنیا میں تیسرا مقام حاصل کرنے کی راہ پر گامزن ہے۔ انھوں نے زور دے کر یہ بھی کہا کہ اِس چناؤ میں NDA چار سو سیٹیں حاصل کرے گا۔x

### Congress EC

آج کانگریس نے وزیراعظم اور سینئر BJP لیڈر نریندر مودی کے، کانگریس پارٹی کے منشور پر بیان کے خلاف انتخابی کمیشن میں احتجاج درج کرایا۔ سینئر لیڈر سلمان خورشید کی قیادت میں پارٹی کے لیڈروں کے ایک ڈیلی گیشن نے اِس معاملے پر نئی دلی میں کمیشن سے ملاقات کی۔ بعد میں اخبار نویسوں سے بات کرتے ہوئے جناب خورشید نے کہا کہ پارٹی نے جناب مودی کے اِس بیان پر اعتراض کیا ہے کہ منشور، مسلم لیگ کی عکاسی کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ انہوں نے انتخابی ادارے پر زور دیا ہے کہ وہ اِس معاملے کو سنجیدگی سے دیکھے اور اِس ضمن میں کارروائی کرے۔×

### Congress NC & JK

آج کانگریس اور نیشنل کانفرنس نے، آنے والے لوک سبھا انتخابات کے لیے جموں وکشمیر اور لداخ میں سیٹوں کی ساجھیداری کے سمجھوتے کا اعلان کیا۔ دونوں پارٹیاں لوک سبھا کی تین تین نشستوں پر انتخاب لڑیں گی۔ کانگریس کے امیدوار اودھم پور، جموں اور لداخ لوک سبھا سیٹوں جبکہ نیشنل کانفرنس کے امیدار اننت ناگ، بارہمولہ اور سری نگر لوک سبھا نشستوں پر انتخاب لڑیں گے۔ اِس ضمن میں ایک اعلان نئی دلی میں نیشنل کانفرنس کے لیڈر عمرعبداللہ اور سینئر کانگریس لیڈر سلمان خورشید کے ذریعے کیا گیا۔×

### TMC ECI

ترنمول کانگریس TMC نے آج حکومت کے ذریعے قومی تحقیقاتی ایجنسی سمیت مرکزی ایجنسیوں کے مبینہ غلط استعمال کرنے پر انتخابی کمیشن سے رجوع کیا۔ پارٹی کے وفد نے اِس معاملے پر نئی دلی میں کمیشن سے ملاقات کی۔ میٹنگ کے بعد اخبار نویسوں سے بات کرتے ہوئے پارٹی کی رکن پارلیمنٹ Sagarika Ghos نے کہا کہ انہوں نے لوک سبھا انتخابات سے قبل مغربی بنگال میں TMC کے کارکنوں کو ڈرانے دھمکانے کے لیے NIA کے مبینہ غلط استعمال کے معاملے کو اٹھایا۔ انہوں نے انتخابی ادارے پر مداخلت کرنے اور انتخابات کے وقار کو برقرار رکھنے پر زور دیا۔ بعد میں TMC کے لیڈر Derek O'Brien، ڈولا سین، ساکیت گوکھلے اور دیگر نے، مرکزی حکومت کے ذریعے ED، CBI اور NIA کے مبینہ غلط استعمال کرنے پر نئی دلی میں کمیشن دفتر کے سامنے احتجاج کیا۔×

### MP Rahul

سینئر کانگریس لیڈر راہل گاندھی نے مدھیہ پردیش میں اپنی انتخابی مہم کا آغاز کرتے ہوئے قبائلی اکثریت والے علاقوں سیونی اور شہڈول میں دو عوامی جلسوں سے آج خطاب کیا۔ اپنے خطاب میں جناب گاندھی نے کانگریس

کے منشور میں کیے گئے وعدوں کا ذکر کیا۔ انہوں نے کسانوں کے لیے قرضے معاف کرنے، MSP نافذ کرنے، مہالکشمی اسکیم کے تحت خواتین کو ایک لاکھ روپے سالانہ فراہم کرنے اور نوجوانوں کے لیے ملازمتی تربیت شروع کرنے کا اعلان کیا۔ انہوں نے کہا کہ کانگریس کی سرکار اگنی ویر اسکیم کو ختم کرے گی۔ انہوں نے ٹھیکے پر روزگار کے نظام کو ختم کرنے کا بھی وعدہ کیا۔ جناب گاندھی نے SC اور ST اسکالرشپ کو دوگنا کرنے اور قبائلی اکثریت والے علاقوں میں چھٹے شیڈیول کو نافذ کرنے کے بارے میں بھی بات کی۔

سیونی ضلعے کے دھنورا میں ایک عوامی جلسے میں راہل نے کہا کہ قبائلی اس ملک اور اس سرزمین کے اولین مالیکان ہیں، لہٰذا کانگریس پارٹی انہیں آدیواسی پکارتی ہے۔ دوسری جانب BJP، وزیراعظم مودی اور امت شاہ انہیں ونواسی کہتے ہیں۔×

## Nominations

لوک سبھا انتخابات کے دوسرے مرحلے میں نام واپس لینے کا عمل آج ختم ہو گیا۔ اِس مرحلے کے لیے، کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال، جموں و کشمیر کے علاوہ، جمعہ کے روز کی گئی۔ جموں و کشمیر میں جانچ پڑتال سنیچر کو ہوئی۔ دوسرے مرحلے میں کاغذات نامزدگی داخل کرنے کا آخری دن جمعرات تھا۔ اِس مرحلے میں 12 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے ساتھ ساتھ آوٹر منی پور لوک سبھا حلقے کے باقی ماندہ حصے میں 88 لوک سبھا نشستوں کے لیے، اِس مہینے کی 26 تاریخ کو ووٹنگ ہوگی۔×

## Jaipur Nomination

راجستھان میں، دوسرے مرحلے میں 13 لوک سبھا حلقوں کے لیے مجموعی طور پر 152 امیدوار میدان میں رہ گئے ہیں۔ اِس مرحلے کے لیے تمام 191 امیدواروں کے کاغذات نامزدگیوں کو درست پایا گیا۔ اِن میں سے 39 امیدواروں نے اپنے نام واپس لے لیے۔×

## Bihar Election

بہار میں، بھاگل پور، کشن گنج، بانکا، کٹیہار اور پورنیہ کے پانچ پارلیمانی حلقوں میں لوک سبھا انتخابات کے دوسرے مرحلے کے لیے مجموعی طور پر 50 امیدوار میدان میں ہیں۔ نام واپس لینے کے آخری دن پانچ امیدواروں نے اپنے نام واپس لے لیے۔ پورنیہ میں سات امیدوار میدان میں رہ گئے ہیں جبکہ بانکا پارلیمانی حلقے میں دس امیدوار میدان میں ہیں۔ ان دو حلقوں میں کسی امیدوار نے اپنا نام واپس نہیں لیا۔ کشن گنج لوک سبھا پارلیمانی حلقے میں، 15

امیدواروں میں سے تین نے اپنا نام واپس لے لیا۔ کٹیہار اور بھاگل پور میں سے ہر ایک میں ایک ایک امیدوار نے اپنے کاغذات نامزدگی واپس لیے۔ کٹیہار میں نو امیدوار اور بھاگل پور میں 12 امیدوار میدان میں ہیں۔ ان تمام پانچ لوک سبھا حلقوں میں 26 اپریل کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔×

## Kolkata State Profile

انتخابی کمیشن 19 اپریل کو کامیابی کے ساتھ چناؤ کرانے کیلئے ہر ممکن اقدامات کر رہا ہے۔ اِس دن علی پور دوار کے لوگ ووٹنگ میں حصہ لیں گے۔ پیش ہے ایک رپورٹ۔

V/C: Kalyan Laha

پہلے مرحلے کے انتخابات کے تحت علی پور دوار میں 19 اپریل کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔ اس پارلیمانی حلقے میں سات اسمبلی حلقے ہیں۔ علی پور دوار میں 17 لاکھ سے زیادہ رائے دہندگان ہیں۔ مخنث ووٹروں کی تعداد 62 ہے وہیں خواتین رائے دہندگان 8 لاکھ سے زیادہ ہیں۔ کُل پولنگ مراکز میں سے 230 مراکز کا انتظام خواتین سنبھالیں گی۔ انتخابی کمیشن نے آزادانہ اور منصفانہ چناؤ کرانے کیلئے سبھی ضروری اقدامات کئے ہیں۔ کمیشن کی جانب سے انتخابی عمل میں شامل اہلکاروں کی ٹریننگ اور بیداری مہم کا مسلسل انعقاد کیا جا رہا ہے۔

غیرقانونی نقدی، سونا اور ہتھیاروں اور دیگر اشیاء کی ضبطی بھی ساتھ ساتھ جاری ہے۔ تمام سیاسی پارٹیاں عوامی جلسے اور لوگوں تک رسائی کی ہر ممکن کوشش کر رہی ہیں۔ کولکاتا سے کلیان لاہا کی رپورٹ کے ساتھ خبروں کیلئے میں............x

## Assam Nomination

آسام میں انتخابات کے دوسرے مرحلے میں مجموعی طور پر 61 امیدوار میدان میں ہیں۔ آج ایک امیدوار نے اپنا نام واپس لیا۔ اِس مرحلے میں پانچ سیٹوں پر پولنگ ہوگی۔×

## Kerala Lok Sabha Polls

کیرالہ میں، جہاں دوسرے مرحلے کے لیے تمام 20 حلقوں میں پولنگ 26 اپریل کو ہوگی، لوک سبھا انتخابات کی صورتحال مزید واضح ہو گئی ہے۔ اب ریاست میں مجموعی طور پر عام انتخابات کے لیے 194 امیدوار میدان میں ہیں۔ اسی دوران ریاست میں BJP کے زیر قیادت NDA، کانگریس کی قیادت والا UDF اور بائیں بازو کی قیادت والا NDF پورے زور شور سے انتخابی مہم جاری رکھے ہوئے ہیں۔×

## Haryana Raid Holidays

ہریانہ سرکار نے اعلان کیا ہے کہ لوک سبھا کے عام انتخابات میں پڑوسی ریاستوں سے تعلق رکھنے والے ملازمین، جو اندراج شدہ ووٹرز ہیں، انھیں اپنا ووٹ ڈالنے کیلئے اُن کی چھٹی کی تنخواہ نہیں کاٹی جائے گی۔ چیف سکریٹری T.V.S.N پرساد نے یہ نوٹیفکیشن جاری کیا ہے۔ ثالثی قانون 1881 کی دفعہ 25 کی سفارشات اور عوامی نمائندگی ایکٹ 1951 کی شق 135-B کے تحت ہریانہ میں موجود ہریانہ سرکار کے سبھی دفاتر، بورڈز، کارپوریشنز، تعلیمی اداروں نیز مختلف کارخانوں، دوکانوں، کمرشیل اور نجی مراکز میں کام کرنے والے ملازمین کو اترپردیش، راجستھان، اتراکھنڈ، ہماچل پردیش، پنجاب، مرکز کے زیر انتظام علاقے چنڈی گڑھ اور قومی راجدھانی خطہ دلّی میں جن تاریخوں میں ووٹ ڈالے جائیں گے، ان دنوں میں اُن کی چھٹی کی تنخواہ نہیں کاٹی جائے گی۔ x

## Delhi Assembly Opposition

دلّی اسمبلی میں BJP کے 6 اسمبلی ارکان کو آج اُن کے نامناسب برتاؤ کی وجہ سے مارشلوں کے ذریعے ایوان سے باہر کر دیا گیا۔ اِس سے پہلے صبح جب ایوان کی کارروائی شروع ہوئی، اُس وقت دلّی جل بورڈ معاملے پر بحث جاری تھی۔ اپوزیشن کے لیڈر رام بیر سنگھ بیدھوری نے دلّی جل بورڈ میں مبینہ بدعنوانی کے معاملے کو اٹھانے کی کوشش کی لیکن اسپیکر رام نواس گوئل نے اِس کی اجازت نہیں دی۔ BJP ارکان اسمبلی آپ سرکار کے خلاف نعرے لگاتے ہوئے ایوان کے وسط میں جمع ہوگئے۔ اسپیکر نے بار بار ایوان میں نظم و ضبط برقرار رکھنے کیلئے کہا لیکن اپوزیشن کے ارکان نے اپنا احتجاج جاری رکھا۔ اس کے بعد اسپیکر نے مارشل سے اِن ارکانِ اسمبلی کو ایوان سے باہر کرنے کیلئے کہا۔ البتہ BJP ایم ایل ایز نے اسمبلی کے باہر بھی اپنا احتجاج جاری رکھا۔ x

## Parivartan Chintan

فوج کی تینوں شاخوں کی کانفرنس پریورتن چنتن آج نئی دلی میں منعقد ہوئی۔ کانفرنس کے دوران دفاعی عملے کے سربراہ جنرل انل چوہان نے، مسلح افواج کے لیے ایک مشترکہ کلچر تیار کرنے کی ضرورت کو اجاگر کیا۔ انہوں نے اس طرح کے ڈھانچے وضع کر کے فوج کی ہر شاخ کی صلاحیتوں کو مربوط کرنے کی ضرورت پر بھی زور دیا جو جنگ لڑنے کی صلاحیت اور بین کارروائی جاتی کارکردگی میں اضافہ کریں۔ حکام نے شہری اور فوجی شعبوں میں قومی سلامتی پر اثر انداز ہونے والے قومی جامع معاملات پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ چیفس آف اسٹاف کمیٹی لیفٹیننٹ جنرل جے پی متھیو نے اِس اعتماد کا اظہار کیا کہ اِس طرح کی کارروائیاں ضروری رہنما خطوط فراہم کریں گی، کیونکہ مشترکہ کارروائی جاتی ڈھانچوں کی تشکیل، مستقبل کے لیے بھارتی مسلح افواج کو تیار کرنے کے لیے تبدیل کریں گی۔x

## Rev Gold Price

آج سونے اور چاندی کی قیمتوں اب تک کی سب سے زیادہ سطح پر پہنچ گئی ہیں۔ ملٹی کوموڈٹی ایکسچینج میں جون کے گوشوارے کے لئے سونے کی قیمت 440 روپے کے اضافے کے ساتھ فی دس گرام کیلئے 71 ہزار 80 روپے تک پہنچ گئی، جو کہ سونے کی اب تک کی سب زیادہ قیمت ہے۔ تاہم مئی گوشوارے کیلئے چاندی کی قیمت بھی بڑے اضافے کے ساتھ فی کلوگرام کیلئے 82 ہزار 109 روپے ہوگئی۔

سونے کی قیمت میں یہ اضافہ مارکیٹ شراکت داروں کی تازہ شراکت کے باعث ہو رہا ہے۔ ساتھ ہی عالمی مرکزی بینک کی جانب سے مسلسل سونے کی خریداری کے ساتھ ساتھ جاری جغرافیائی سیاسی کشیدگی کے باعث سونے کی قیمتوں میں نمایاں اضافہ ہوا ہے۔ x

## IMD Heat Wave

بھارت کے محکمۂ موسمیات IMD نے پیش گوئی کی ہے کہ جزیرہ نما بھارت کے حصوں میں گرمی کی لہر کی صورتحال آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران جاری رہے گی اور اس کے بعد اِس میں اضافہ ہوگا۔ ساحلی آندھرا پردیش، ینم، رائل سیما، تلنگانہ اور شمالی اندرونی کرناٹک میں بھی گرمی کی لہر کی صورتحال ہونے کی توقع ہے۔ IMD نے کہا کہ تمل ناڈو، پڈوچیری، کرائیکل، کیرالہ اور گجرات کے ساحلی علاقوں میں گرم اور مرطوب موسم جاری رہنے کی توقع ہے۔ دوسری جانب موسمیات کے دفتر نے ذیلی ہمالیائی مغربی بنگال، سکم، آسام، میگھالیہ، ناگالینڈ، منی پور، میزورم اور تریپورہ میں اگلے سات دنوں کے دوران ہلکی سے اوسط درجے کی بارش ہونے کی بھی پیشگوئی کی ہے۔ اُس نے مغربی مدھیہ پردیش، چھتیس گڑھ، وِدربھ، مغربی مدھیہ پردیش، مراٹھ واڑا اور مدھیہ مہاراشٹر میں ہلکی سے اوسط درجے کی بارش ہونے کی بھی پیشگوئی کی ہے۔x

## Monte Carlo Masters

بھارتی ٹینس کھلاڑی سُمیت ناگل 35 ویں درجے کے کھلاڑی Matteo Arnaldi کو ہرا کر آج Monte Carlo Masters کے اہم draw میچ جیتنے والے پہلے بھارتی کھلاڑی بن گئے ہیں۔ انھوں نے ATP ماسٹرس مقابلے میں Arnaldi کو چھ-چار، چھ-دو، پانچ- سات سے ہرایا۔

95 ویں رینک کے ناگل، 1977 میں وجے امرت راج اور 1982 میں رمیش کرشنن کے بعد Monte Carlo کے draw میچ تک پہنچنے والے تیسرے بھارتی کھلاڑی ہیں۔ ناگل کل میچ کے دوسرے دور میں ڈنمارک کے Hoger Rune سے مقابلہ کریں گے۔ x